آئیں دُعا مانگیں

جمع و ترتیب
مفتی سعد عبد الرزاق
فاضل جامعہ فاروقیہ
متخصص جامعۃ العلوم الاسلامیہ
علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

المیزاب پبلشرز
کراچی، پاکستان

آئیں دعا مانگیں

مفتی سعد عبدالرزاق صاحب سے مسائل دریافت
کرنے کے لئے اس نمبر پر رابطہ فرمائیں۔

+92 321 2022205

المیزاب پبلشرز
کراچی۔ پاکستان

عرض مرتب

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بہت محبت کرتے ہیں اوراس بات کو پسند کرتے ہیں کہ اس کا بندہ اس کے سامنے اپنی بے بسی کا اظہار کرر ہا ہواور خود کو محتاج سمجھ کر اللہ تعالیٰ کی عظمت و کبریائی اوراس کی حمد وثناء کرتے ہوئے الحاح وزاری کے ساتھ اپنے رب کے سامنے گڑگڑا رہا ہو، اس یقین کے ساتھ کہ اس کا رب اس کی دعا کو سن رہا ہے اوراس کی حاجت روائی پر قادر ہے اور اس کے سارے مسائل کا حل اسی کے پاس ہے، بندہ جب یہ صورت اختیار کرتا ہے اوراللہ تعالیٰ کے در پر جا بیٹھتا ہے تو رحمتیں اور برکتیں اسے اپنے گھیرے میں لے لیتی ہیں، حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بندے کی اس حالت کو عین عبادت بلکہ عبادت کا مغز فرمایا ہے، اوراپنے عمل سے ہر حال میں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کی ترغیب دی ہے۔

دعا کیسے مانگی جائے اورکس انداز سے مانگی جائے؟ مختلف مواقع پر لوگوں

نے خود اپنی شکایت کرتے ہوئے کہا کہ ہم دعا کے لئے ہاتھ اٹھاتے ہیں لیکن دعائیں یاد نہیں آتیں، دعا میں دل نہیں لگتا، سمجھ میں نہیں آتا کہ دعا کیسے مانگیں؟ چنانچہ اس بات کا داعیہ پیدا ہوا کہ لوگوں کی اس مشکل کو دور کیا جائے، اور انہیں اللہ تعالیٰ سے دعا مانگنے کے لئے الفاظ کا ذخیرہ فراہم کیا جائے، چنانچہ قرآن کریم اور احادیث مبارکہ میں مذکور دعاؤں اور دیگر دعاؤں کو آسان اور بامحاورہ الفاظ میں جمع کرنے کا اہتمام کیا اور ایک چھوٹا سا رسالہ آئیں دعا مانگیں کے نام سے تیار ہوا، آپ سب سے گزارش ہے کہ دعا کے لئے باوضو ہوکر قبلہ رخ بیٹھیں اور دعا کے لئے ہاتھ اٹھائیں اور اپنے دونوں ہاتھوں میں اس کتاب کو لے لیں اور اس میں مذکور دعاؤں کو دعا کے انداز میں مانگیں، امید ہے کہ اس طرح کرنے سے ہمیں دعا مانگنا آجائے گا اور ہماری زبان دعاؤں کی عادی ہوجائے گی۔

اپنی دعاؤں میں ہمیں بھی یاد رکھیں۔ فقط والسلام

مفتی سعد عبدالرزاق

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اے اللہ! اے آسمان اور زمین کے نور! اے آسمان و زمین کی زینت! اے آسمان وزمین کے حاکم! اے آسمان وزمین کے بنانے والے! اے آسمان وزمین کے نظام کو چلانے والے! اے جلال اور اکرام والے! اے فریادیوں کی فریادرسی کرنے والے! اے پناہ مانگنے والوں کو پناہ دینے والے! اور اے بے چینوں کی بے چینی دور کرنے والے! اے غم زدوں کو راحت بخشنے والے! اور بے قراروں کی دعا کو قبول کرنے والے! اے تمام جہانوں کے معبود! اے سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے!

اے اللہ! تُو ایسی ذات ہے جو ہمارے قریب ہے ہم سے دور نہیں، اور تُو ایسی ذات ہے جو موجود ہے اوجھل نہیں، اور اے وہ ذات جو غالب ہے مغلوب نہیں، اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں اور ساری

بادشاہت تیرے ہی لئے ہے، اور ساری بھلائی تیرے ہی ہاتھ میں ہے، اور سارے معاملات تیری ہی طرف لوٹتے ہیں، میں تجھ سے تمام بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں اور تمام برائیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جو تیرے دوام کے ساتھ قائم ودائم رہے گی اور تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جو تیری ہمیشگی کے ساتھ ہمیشہ رہے گی اور تیرے ہی لئے ایسی حمد ہے جس کی کوئی انتہا نہیں، اے اللہ! میں ہر پلک جھپکنے اور ہر سانس لینے کے وقت تیری ہی تعریف کرتا ہوں۔

اے اللہ! میں تجھ سے دعا مانگ رہا ہوں کیونکہ میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تُو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے، تُو اکیلا ہے، بے نیاز ہے، ساری مخلوق تیری محتاج ہے اور تُو کسی کا محتاج نہیں، نہ ہی تیری اولاد ہے اور اور نہ ہی کسی نے تجھے جنا ہے، اور تیرا کوئی ہم پلہ اور ہمسر نہیں، تُو نہایت شفقت اور احسان فرمانے والا ہے۔

اے اللہ! تُو اس بات کا زیادہ مستحق ہے کہ تیرا ذکر کیا جائے اور تیری عبادت

کی جائے اور تجھ ہی سے مدد مانگی جاتی ہے، اے اللہ! تجھ سے زیادہ سخی اور دینے والا کوئی نہیں، اے اللہ! تُو بادشاہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں اور تیرا کوئی مثل نہیں، تیری ذات کے علاوہ ہر چیز فانی ہے، تُو اطاعت کرنے والوں کی اطاعت اور نافرمانوں کی نافرمانی سے واقف ہے، تیری اطاعت کی جاتی ہے تو تُو قدردانی فرماتا ہے اور نافرمانی کی جاتی ہے تو تُو معاف کر دیتا ہے، ہر چیز پر تیرا ہی تصرف ہے اور ہر چیز تیرے ہی قبضۂ قدرت میں ہے، تمام مخلوق کے دل تیرے سامنے واضح ہیں اور ہر پوشیدہ اور چھپی ہوئی بات تیرے سامنے واضح اور کھلی ہوئی ہے۔

اے اللہ! حلال وہی ہے جسے تُو نے حلال قرار دیا اور حرام وہی ہے جسے تُو نے حرام قرار دیا اور دین وہی ہے جو تُو نے تجویز کیا اور حکم وہی ہے جو تُو نے صادر فرمایا اور تمام مخلوقات کو تُو نے ہی پیدا کیا ہے اور ہر بندہ تیرا ہی بندہ ہے اور تُو ہی اللہ ہے، شفقت کرنے والا ہے اور رحم کرنے والا ہے، میں تجھ سے تیرے چہرے کے اس نور کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں، وہ نور کہ جس سے

آسمان اور زمین روشن ہوگئے اور اس حق کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں جو مانگنے والوں کا تجھ پر ہے کہ آج کے دن میں میری ہر ہر خطاء اور غلطی کو معاف فرمادے اور مجھے جہنم سے بچالے۔

اے اللہ! اے رحمن! اے رحیم! اے پناہ مانگنے والوں کو پناہ دینے والے! اے خوف میں مبتلا لوگوں کو امن دینے والے! اے بے سہارا لوگوں کے سہارا! اے بے آسرا لوگوں کے آسرا! اے کمزوروں کو قوت دینے والے! اے محتاجوں کو غنی کرنے والے! اے وہ ذات جس سے بڑی امید رکھی جاتی ہے، اے ہلاک ہونے والوں کو نجات دینے والے! اے ڈوبنے والوں کو بچانے والے! اے احسان کرنے والے! اے اچھا برتاؤ کرنے والے! اے نعمتیں عطا کرنے والے! اے فضل کرنے والے! اے زبردست قوت والے! اے اندھیریوں کو روشن کرنے والے! تُو ہی وہ ذات ہے جسے رات کی سیاہی اور دن کی روشنی سجدہ کرتی ہے، اور تُو ہی وہ ذات ہے جسے سورج کی کرن اور چاند کی روشنی سجدہ کرتی ہے اور تُو ہی وہ ذات ہے جسے درخت

کی کھڑکھڑاہٹ اور پانی کی سرسراہٹ سجدہ کرتی ہے، اے اللہ! تُو ہی اللہ ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت نازل فرما جو تیرے بندے اور رسول ہیں اور ان کی آل اور اولاد پر رحمت نازل فرما۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اے اللہ! اے زمین کے فرش کو بچھانے والے! اور اے اونچے آسمانوں کے پیدا کرنے والے! اور اے دلوں کو ان کی اچھی بُری عادتوں پر مجبور کرنے والے!، تُو سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر اپنی اعلیٰ رحمتیں اور برکتیں اور کمال شفقت نازل فرما جو تیرے بندے اور پیغمبر ہیں، جو تیرے قابل اعتماد امین ہیں اور تیرے برحق رسول ہیں، سلسلہ نبوت کو ختم کرنے والے ہیں، اور حق

بات کا اعلان کرنے والے ہیں، اور اہل باطل کے لشکروں کو کچلنے والے ہیں، اے اللہ ان کو جنت میں وسیع جگہ عطا فرما اور اپنے دربار میں ان کا مقام بلند فرما اور ان کی خوب مہمان نوازی فرما اور قیامت کے دن اُن کی شفاعت کو ہمارے حق میں قبول فرما۔

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر رحمت نازل فرما اور ان کی ازواج پر رحمت نازل فرما جو مسلمانوں کی مائیں ہیں اور ان کی اولاد اور اہل بیت پر رحمت نازل فرما۔

اے اللہ! تُو ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات کو سننے والا اور ان پر عمل کرنے والا بنا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کرنے والا بنا، اور اے اللہ ان کو ہماری طرف سے سلام پہنچا اور ہم پر ان کی طرف سے جوابی سلام پہنچا۔

اے اللہ! اپنی عنایتیں اور اپنی برکتیں اور اپنی رحمتیں ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل اور اولاد پر نازل فرما، جیسی عنایتیں اور برکتیں اور رحمتیں تُو نے حضرت ابراہیم علیہ السلام اور ان کی

اولاد پر فرمائی تھیں۔

اے اللہ! ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کامل رحمت اور کامل برکت اور کامل سلام نازل فرما۔

اے اللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل اور اولاد پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کے خاندان پر اور ان کے صحابہ پر اور ان سے محبت کرنے والوں پر اور ان کی اتباع کرنے والوں پر، اور ان کے ساتھ ہم سب پر رحمت نازل فرما۔

اے اللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل اور اولاد پر وہ رحمت نازل فرما جو تیری رضا کا سبب ہو اور ان کے حق کے لئے ادائیگی کا سبب ہو اور ان کو وسیلہ اور مقام محمود عطا فرما جس کا تُو نے ان سے وعدہ فرمایا ہے اور ان کو ہماری طرف سے وہ جزائے خیر عطا فرما جس کے وہ مستحق ہیں اور ان کو ہماری طرف سے وہ بدلہ دے جو بہترین بدلہ تُو نے کسی نبی کو اس کی امت کی طرف سے دیا ہو اور سب انبیاء کرام علیہم السلام اور صالحین پر اپنی

رحمت نازل فرما۔

اے اللہ! سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایسی رحمت نازل فرما جس کے ذریعہ تُو ہمیں تمام خطرات وآفات سے نجات بخش دے اور جس کے ذریعے تُو ہماری تمام حاجتوں کو پورا فرما دے اور جس کے ذریعہ تُو ہمیں تمام برائیوں سے پاک کردے اور جس کے ذریعہ تُو ہمارے درجات بلند فرمائے اور جس کے ذریعہ تُو ہمیں زندگی میں اور مرنے کے بعد بھی انتہاء درجہ کی تمام خوبیوں تک پہنچادے، بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے اللہ! ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر زندہ رکھ اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ملت پر موت دے اور ہمیں ان کی شفاعت کے قابل بنا اور ہمارا حشر ان کی جماعت میں فرما اور قیامت کے دن ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت بھری ملاقات نصیب فرما اور ان کے حوض پر آنا نصیب فرما اور ان کے دست مبارک سے آب کوثر پینا نصیب فرما۔

اے اللہ! اے پریشانی کو دور کرنے والے! اے غموں کو دور کرنے والے!

اے بے کسوں کی دعا کو قبول فرمانے والے! اے دنیا و آخرت میں رحم کرنے والے! تُو ہی مجھ پر رحم فرمائے گا، تُو مجھ پر ایسی مہربانی فرما جو مجھے دوسروں کی مہربانی سے بے نیاز کر دے۔

اے اللہ! تیری مغفرت میرے گناہوں سے زیادہ وسیع ہے اور تیری رحمت سے مجھے اپنے عمل کی بنسبت زیادہ امید ہے۔ اے اللہ! تُو معاف کرنے والا ہے معافی کو پسند کرتا ہے تو تُو مجھے بھی معاف فرما دے۔

اے ہمارے رب! تُو نے ہمیں اسلام کی ہدایت عطا فرمائی تو اب ہمیں گمراہی میں مت ڈالنا اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما۔

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تُو ہمیں معاف نہیں کرے گا اور ہم پر رحم نہیں کرے گا تو ہم یقیناً خسارے والوں میں سے ہو جائیں گے، تو اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخش دے اور ہم سے جو زیادتی ہوئی ہو اسے معاف فرما دے اور ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے خلاف ہماری مدد فرما۔

اے ہمارے رب! تُو نے یہ ساری کائنات بے مقصد پیدا نہیں فرمائی، تُو تمام عیبوں سے پاک ہے، اے ہمارے رب! تُو جس کسی کو بھی دوزخ میں داخل کرے گا تو وہ یقیناً رُسوا اور ناکام ہو جائے گا تو اے ہمارے رب! تُو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے۔

اے اللہ! تُو ہی ہمارا ولی اور کارساز ہے تُو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما اور تُو بہترین بخشنے والا ہے اور ہمارے لئے اس دنیا اور آخرت میں خوبی لکھ دے بے شک ہم تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں۔

اے میرے رب! میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ تجھ سے ایسی درخواست کروں جس کا مجھے علم نہیں اور اگر تو مجھے نہیں بخشے گا اور مجھ پر رحم نہیں فرمائے گا تو میں ہلاک ہو جاؤں گا تو اے میرے اللہ! مجھے معاف کر دے اور مجھ پر رحم فرما۔

اے میرے رب! میرے اور میرے بھائی کے گناہ معاف فرما اور ہمیں اپنی رحمت میں داخل فرما بے شک تُو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

اے میرے رب! مجھے اور میری اولاد کو نماز قائم کرنے والا بنا، اور ہماری دعا قبول فرما، اے اللہ مجھے اور میرے ماں باپ کو اور سب مومنین کو قیامت کے دن بخش دینا۔

اے ہمارے پروردگار! ہم نے توبہ کرلی ہے اور تیرے راستے پر چل پڑے ہیں، تُو ہماری بخشش فرما دے اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا لے اور اے اللہ! ہمیں ہمیشہ رہنے والی جنت میں داخل فرما جس کا تُو نے وعدہ کیا ہے، اور ہمارے ماں باپ اور بیوی بچوں کو بھی جنت میں داخل فرما، یقیناً تیری اور صرف تیری ذات وہ ہے جس کا اقتدار بھی کامل ہے، اور جس کی حکمت بھی کامل ہے اور ہمیں اور ان کو دنیا اور آخرت کی ہر طرح کی برائیوں سے محفوظ رکھ۔

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کروں جو تُو نے مجھے اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی، اور ایسے نیک عمل کروں جن سے تُو راضی ہو جائے، اور میرے لیے میری اولاد کی اصلاح فرما دے، میں

تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں شامل ہوں۔

اے ہمارے پروردگار! ہماری بھی مغفرت فرما، اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی مغفرت فرما جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں، اور ہمارے دلوں میں ایمان والوں کے لیے کسی قسم کا کوئی بغض نہ رکھ۔

اے اللہ! تُو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تُو نے ہی مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں، میں اپنی طاقت کے مطابق تجھ سے کئے ہوئے عہد اور وعدہ پر قائم ہوں، میں ان تمام بری حرکتوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھ سے ہوگئیں اور ان تمام نعمتوں کا اقرار کرتا ہوں جو تُو نے عطا فرمائی ہیں اور میں اپنے گناہوں کا اقرار کرتا ہوں، تو تُو مجھے معاف کردے کیونکہ تیرے سوا کوئی بھی میرے گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔

اے اللہ! میں حاضر ہوں اور تیری اطاعت کے لئے تیار ہوں اور بے شک ہر بھلائی تیرے ہاتھ میں ہے اور ہر بھلائی تیری ہی طرف سے ہے، اے اللہ جو بات بھی میں نے منہ سے نکالی ہو، یا جو قسم بھی میں نے کھائی ہو، یا جو

منت بھی میں نے مانی ہوتو وہ سب تیرے اختیار میں ہے جو تُو چاہے گا وہ ہوگا اور جو تُو نہیں چاہے گا وہ ہو نہیں سکتا اور تیری مدد کے بغیر نہ ہم کوئی نیکی کر سکتے ہیں اور نہ ہی گناہ سے بچ سکتے ہیں، اور بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے اللہ! جو بھی میں نے رحمت کی دعا مانگی ہو وہ ہر اس شخص کے حق میں قبول فرما جو تیری رحمت کا مستحق ہو، اور جب کبھی میں نے لعنت بھیجی ہوتو وہ لعنت اسی پر بھیج جس پر تُو نے لعنت فرمائی ہو۔

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے ہر فیصلے پر رضا مندی مانگتا ہوں اور مرنے کے بعد اچھی زندگی مانگتا ہوں اور تیرے دیدار کی لذت مانگتا ہوں اور تجھ سے ملاقات کا شوق مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ ظالم بنوں یا مظلوم بنوں، یا کسی پر زیادتی کروں یا مجھ پر کوئی زیادتی کرے، یا ایسے گناہ کا ارتکاب کروں جسے تُو معاف نہ فرمائے۔

اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے پوشیدہ اور

حاضر کے جاننے والے! اے جلال اور اکرام والے! میں تجھ سے اس دُنیوی زندگی میں عہد کرتا ہوں اور میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور بے شک تیری گواہی کافی ہے کہ میں دل سے اقرار کرتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، تُو اکیلا ہے، تیرا کوئی شریک نہیں، تیرے ہی لئے بادشاہت ہے اور تیرے ہی لئے ہر تعریف ہے اور تُو ہر چیز پر قادر ہے اور میں اس بات کا اقرار کرتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں، اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرا وعدہ سچا ہے اور تجھ سے ملنا برحق ہے اور قیامت آنے والی ہے جس میں کوئی شبہ نہیں اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا حق ہے، اے میرے اللہ! تُو مجھے میرے نفس کے حوالے مت کرنا کیونکہ اگر تُو مجھے میرے نفس کے حوالے کر دے گا تو اس صورت میں تُو مجھے کمزوری اور گناہ اور قصور کے حوالہ کر دے گا، اور مجھے صرف تیری رحمت پر ہی بھروسہ ہے، تو تُو میری مدد فرما اور میرے سارے گناہوں کو معاف فرما دے کہ تیرے سوا کوئی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا اور مجھ پر عنایت فرما کہ

بے شک تُو بڑا عنایت فرمانے والا اور مہربان ہے۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دے اور مجھے میرے گھر میں کشادگی عطا فرما، اور میرے رزق میں برکت عطا فرما۔

اے اللہ! مجھے توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں میں سے بنا دے۔

اے اللہ! تمام تعریفیں تیرے ہی لئے ہیں، بے شک تُو آسمانوں کا اور زمین کا اور اُن سب کا تھامنے والا ہے جو اُن میں آباد ہیں، اور تیرے ہی لئے ہر خوبی ہے کہ بے شک تُو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو اُن میں آباد ہیں اُن سب کا مالک ہے اور تیرے ہی لئے ہر خوبی ہے کہ بے شک تُو آسمانوں کا اور زمین کا اور جو اُن میں آباد ہیں اُن سب کا نور ہے اور تیرے ہی لئے ہر خوبی ہے، تیری ذات برحق ہے، اور تیرا وعدہ برحق ہے اور تجھ سے ملنا برحق ہے، اور تیرا ارشاد برحق ہے، اور جنت برحق ہے اور دوزخ برحق ہے، اور سب انبیاء علیہم السلام برحق ہیں، اور سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم برحق ہیں اور قیامت برحق ہے، اے اللہ! میں نے اپنے آپ کو تیرے حوالے کر دیا، اور

تجھ پر ایمان لایا اور تجھ پر بھروسہ کیا اور تیری طرف متوجہ ہوا، اور تیری ہی مدد سے اپنے مدمقابل سے لڑا، اور تیری ہی طرف فیصلہ لایا اور تُو ہی ہمارا رب ہے اور تیری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے، تو اے میرے اللہ! میرے ان تمام گناہوں کو معاف فرما دے جو میں نے پہلے کئے اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو مجھ سے بعد میں ہو جائیں گے اور اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے چھپ کر کئے اور اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو علی الاعلان کئے اور اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جن کو تُو مجھ سے زیادہ جانتا ہے۔

اے اللہ! میرے گناہوں کو معاف فرما دے، اور مجھ پر رحم فرما، اور مجھے عافیت عطا فرما، اور مجھے ہدایت دے دے اور مجھے حلال، طیب، پاکیزہ اور وسعت والی روزی عطا فرما، اور میری اصلاح فرما، اور مجھے بلندی اور ترقی سے نواز دے۔ اے اللہ! میرے اور میرے گناہوں کے درمیان اتنی دُوری کر دے جتنی دُوری مشرق اور مغرب کے درمیان ہے۔

اے اللہ! مجھے گناہوں سے اس طرح پاک وصاف کر دے جیسے سفید کپڑا میل کچیل سے پاک وصاف کیا جاتا ہے۔

اے اللہ! بےشک میں نے اپنی جان پر گناہ کر کے بہت زیادہ ظلم کیا ہے اور اِن گناہوں کو تیرے سوا کوئی دوسرا معاف کرنے والا نہیں ہے، تو اے میرے اللہ! تُو مجھے اپنی خاص مغفرت سے معافی عطا فرما اور مجھ پر رحم فرما کہ بےشک تُو ہی مغفرت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اے اللہ! میرے چھوٹے گناہوں کو بھی معاف فرما دے، اور میرے بڑے گناہوں کو بھی معاف فرما دے، اور میرے اگلے گناہوں کو بھی معاف فرما دے، اور میرے پچھلے گناہوں کو بھی معاف فرما دے، اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے چھپ کر کئے، اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے اعلانیہ کئے، اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے اپنے ارادے سے کئے اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے مذاق میں کئے اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو

میں نے غلطی سے کئے اور ان گناہوں کو بھی معاف فرما دے جو میں نے جان بوجھ کر کئے اے اللہ میرے سارے گناہوں کو معاف فرمادے۔

اے اللہ! میں تیرے حضور تمام گناہوں سے توبہ کرتا ہوں اور یہ عہد کرتا ہوں کہ اب کبھی ان کی طرف واپس نہیں جاؤں گا۔

اے اللہ! مجھے بہت زیادہ صبر کرنے والا بنا اور بہت زیادہ شکر کرنے والا بنا اور مجھے اپنی نگاہ میں چھوٹا بنادے اور دوسروں کی نگاہ میں بڑا بنادے۔

اے اللہ! میں تجھ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہتا ہوں اور تجھ سے اپنے ہر کام میں درستگی کی رہنمائی چاہتا ہوں اور اپنے نفس کی شرارت سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور تجھ سے توبہ کرتا ہوں تو تُو میری توبہ قبول فرما، بے شک تُو ہی میرا رب ہے۔

اے اللہ! اے وہ ذات جو میری خوبیوں کو ظاہر کرتی ہے اور میرے عیبوں پر پردہ ڈال دیتی ہے، اے وہ ذات جو نہ جرم کی گرفت کرتی ہے اور نہ ہی پردہ دری کرتی ہے، اے بے حد معافی والے! اے خوب درگزر کرنے

والے! اے وسیع مغفرت والے! اے لطف وکرم والے! اے ہر سرگوشی کو سننے والے! اے بے شمار احسانات کرنے والے! اے بغیر کسی استحقاق کے انعام کرنے والے! اے ہمارے رب! اے ہمارے مولیٰ! اے ہمارے مقصود ومطلوب! میں تجھ سے التجا کرتا ہوں کہ اے اللہ! میرے جسم کو آگ میں مت جلانا۔

اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور سیدھے راستے کی طرف میری رہنمائی فرما۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر اس گناہ کی معافی چاہتا ہوں جس سے میں نے توبہ کی اور توبہ کرنے کے بعد پھر میں اس میں مبتلا ہوگیا، اور تجھ سے اس وعدے کی معافی چاہتا ہوں جس کا میں نے تجھ سے اقرار کیا پھر اس وعدے کو پورا نہ کیا اور میں تجھ سے تیرے اُن انعامات کے متعلق معافی چاہتا ہوں جن سے میں نے تیری نافرمانی پر قوت حاصل کی، اور میں تجھ سے ہر اس نیکی کے متعلق معافی چاہتا ہوں جس میں شروع میں میری نیت خالص تیری

رضا تھی مگر بعد میں اس میں ریا کاری اور دکھلاوا شامل ہوگیا، اے اللہ! تُو مجھے معاف کردے اور مجھے رسوا نہ کرنا، اور مجھے میرے گناہوں کی وجہ سے عذاب میں مبتلا نہ کرنا۔

اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے جو تجھ پر توکل کرتے ہیں تو تُو ان کے لئے کافی ہوجاتا ہے اور وہ تجھ سے ہدایت مانگتے ہیں تو تُو انہیں ہدایت دے دیتا ہے اور وہ تجھ سے مدد مانگتے ہیں تو تُو ان کی مدد فرماتا ہے۔

اے ہمارے رب! جب ہماری موت کا وقت آئے تو ہمیں ایمان پر موت عطا فرمانا اور ہمیں اس حال میں موت دینا کہ تُو ہم سے راضی ہو۔

اے اللہ! ہم پر اپنی خاص رحمت نازل فرما، اور ہر حال میں ہمارے ساتھ بھلائی کا معاملہ فرما۔

اے میرے پروردگار! مجھے حکمت عطا فرما، اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما اور میرے مرنے کے بعد بھی دنیا میں میرا ذکر خیر باقی رکھ، اور مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے جو نعمتوں والی جنت کے وارث ہوں گے اور اس

دن مجھے رسوانہ کرنا جس دن لوگوں کو دوبارہ زندہ کیا جائے گا۔

اے میرے رب! مجھے اس بات کی توفیق نصیب فرما کہ میں ان نعمتوں کا شکرادا کروں جو تُو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا فرمائی ہیں، اور وہ نیک عمل کروں جو تجھے پسند ہو، اور مجھے اپنے نیک بندوں میں شامل فرما۔

اے ہمارے رب! دنیا اور آخرت میں ہمارے چہروں کو ایمان کے نور سے منور فرما اور ہماری مغفرت فرما۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایمان کی درستگی کا طلب گار ہوں، اور حسن اخلاق والے ایمان کا سوال کرتا ہوں اور ایسی نجات کا طالب ہوں جو ہر قسم کی کامیابی کو شامل ہو اور میں تجھ سے رحمت، عافیت، بخشش اور رضامندی کا سوال کرتا ہوں۔

اے اللہ! میں تجھ سے اپنے گناہ کی معافی چاہتا ہوں، اور تیری رحمت کا طلب گار ہوں، اے اللہ! میرے علم میں اضافہ فرما، اور ہدایت مل جانے کے بعد میرے دل کو گمراہی سے محفوظ رکھ، اور مجھے اپنی رحمت سے نواز۔

اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! اے پوشیدہ اور ظاہر کے جاننے والے! بے شک تُو قیامت کے دن اپنے بندوں کے درمیان ان باتوں میں فیصلہ کرے گا جس میں وہ آپس میں اختلاف کرتے ہیں، تو تُو اختلافی باتوں میں حق بات کی طرف میری رہنمائی فرما۔

اے اللہ! مجھے ہدایت یافتہ لوگوں میں شامل فرما، اور مجھے دنیا و آخرت میں عافیت عطا فرما، اور میری کارسازی فرما اور مجھے ان نعمتوں میں برکت دے جو تُو نے مجھے عطا کی ہیں اور مجھے اس چیز کی برائی سے بچا جو تُو نے میرے مقدر میں لکھ دی ہے، کہ بے شک فیصلہ کرنے کا اختیار تیرے ہی پاس ہے اور تیرے خلاف کوئی فیصلہ کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، اور جسے تُو دوست رکھے وہ ذلیل نہیں ہوسکتا اور جس سے تُو دشمنی رکھے وہ عزت نہیں پا سکتا۔

اے ہمارے رب! ہم تجھ سے ہی مغفرت طلب کرتے ہیں اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں۔

اے اللہ! ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور ہمارے

لئے رزق کے حصول میں آسانی کا معاملہ فرما۔

اے اللہ! تُو ہمیں بہترین اخلاق سے مزین فرما اور ہم سے بداخلاقیوں کو دور فرما دے۔

اے میرے رب! میرے نفس کو تقویٰ عطا فرما اور اس کو پاک کر دے، تُو ہی اس کا بہترین پاک کرنے والا ہے، اور تُو ہی اس کا آقا اور مولیٰ ہے۔

اے اللہ! تیرا ذکر کرنے میں اور تیرا شکر کرنے میں اور تیری اچھی طرح عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔

اے اللہ! میرے دین کو سنوار دے جو میری آخرت کے کام کا محافظ اور نگہبان ہے اور میری دنیا کو سنوار دے جس میں میری روزی اور زندگی ہے اور میری آخرت کو سنوار دے جہاں مجھے واپس جانا ہے، اور مجھے اس وقت تک زندہ رکھ جب تک زندہ رہنا میرے لئے خیر کا سبب ہو، اور مجھے اس وقت موت دے دینا جب موت میرے لئے خیر کا باعث ہو، اور زندگی کو میرے لئے ہر بہتری میں زیادتی کا سبب بنا دے اور موت کو میرے لئے

ہرایک برائی سے راحت کا سبب بنادے،اے اللہ! مجھے ہدایت کے راستے پر چلااورتقویٰ کے ذریعے مجھے پاک وصاف فرما۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت اور پرہیزگاری مانگتا ہوں اور پاک دامنی اور دل کی تونگری کا سوال کرتا ہوں، اے میرے رب! میری مدد فرما، اور میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، اور میرے لیے تدبیر فرما اور میرے خلاف کسی کے لیے تدبیر نہ فرما، اور تُو مجھے ہدایت عطا فرما اور ہدایت کو میرے لیے آسان فرما، اور ہر اس شخص کے مقابلے میں میری مدد فرما جو میرے خلاف بغاوت وسرکشی کرے،اے میرے رب! تُو مجھے اپنا بہت زیادہ ذکر کرنے والا بنا،اور اپنا بہت زیادہ شکر گزار بنا، اور اپنے سے بہت زیادہ ڈرنے والا بنا،اور اپنی بہت زیادہ اطاعت کرنے والا بنا،اور اپنے سامنے عاجزی کرنے والا بنااور اپنی طرف رجوع کرنے والا بنا۔

اے میرے رب! میری توبہ قبول فرما اور میرے گناہوں کو دھودے، اور میری دعا قبول فرما،اور میری دلیل کومضبوط بنا،اور میری زبان کوٹھیک بات

کہنے والی بنا، اور میرے دل کو ہدایت عطا فرما، اور میرے دل سے بغض، کینہ اور ہر قسم کی بُری خصلت کو نکال دے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر معاملے میں استقلال اور ٹھہراؤ کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے نیکی و بھلائی کی پختگی کا سوال کرتا ہوں، تُو مجھے اپنی نعمت کا شکر کرنے کی توفیق دے، اور اپنی اچھی عبادت کرنے کی توفیق دے، اور میں تجھ سے سچ بولنے والی زبان اور قلب سلیم اور اچھی عادت کا طلب گار ہوں، اور میں اس شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور میں اس خیر کا تجھ سے طلب گار ہوں جو تیرے علم میں ہے۔

اے اللہ! تُو ہمارے دلوں میں الفت و محبت پیدا کر دے، اور ہماری حالتوں کو درست فرما دے، اور راہ سلامتی کی جانب ہماری رہنمائی کر دے اور ہمیں تاریکیوں سے نجات دے کر روشنی عطا کر اور ہمیں بے حیائی کے کاموں سے بچا چاہے وہ ظاہر ہوں یا پوشیدہ ہوں اور ہمارے کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہمارے دلوں اور ہماری بیویوں اور ہمارے بچوں میں

برکت عطا کر دے، اور ہماری توبہ قبول فرما لے بے شک تُو توبہ قبول فرمانے والا اور رحم وکرم کرنے والا ہے، اور ہمیں اپنی نعمتوں پر شکر گزار بنا دے، اور اے اللہ! ان نعمتوں کو ہمارے اوپر کامل کر دے۔

اے اللہ! تُو ہمیں اپنا ایسا خوف نصیب فرما جو ہمارے اور تیری نافرمانیوں کے درمیان حائل ہو جائے، اور اپنی ایسی فرمانبرداری عطا فرما کہ جس کی وجہ سے تُو ہمیں اپنی جنت تک پہنچا دے، اور ہمیں ایسا یقین عطا فرما کہ جس کی وجہ سے دنیا کی مصیبتوں کا جھیلنا ہم پر آسان ہو جائے، اور تُو ہمیں ہمارے کانوں، ہماری آنکھوں اور ہماری قوتوں سے زندگی بھر فائدہ اٹھانے کا موقع عطا فرما اور جو ہم پر ظلم کرے ان سے ہمارا بدلہ لے، اور جو ہم سے دشمنی کرے اس کے مقابلے میں ہماری مدد فرما، اور ہمارے دین میں ہمارے لئے مصیبت نہ بنا اور دنیا کو ہمارا بڑا مقصد نہ بنا، اور نہ ہی ہمارے علم کی انتہاء بنا کہ ہمارا سارا سیکھنا سکھانا صرف دنیا کی خاطر ہو اور ہم پر کسی ایسے شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔

اے اللہ! ہمیں اپنی نعمتیں وافر مقدار میں عطا فرما اور ہمیں دینے میں کمی نہ کر، اور ہمیں عزت دے اور ذلیل ورسوا نہ کر، اور ہمیں اپنی نعمتوں سے نواز اور اپنی نوازشات سے محروم نہ رکھ،، اور ہمیں فضیلت دے اور دوسروں کو ہم پر فضیلت نہ دے، اور ہمیں راضی کر دے اور ہم سے راضی ہو جا۔

اے اللہ! میں تجھ سے خیر کے کام کرنے کی توفیق مانگتا ہوں اور ناپسندیدہ کاموں سے بچنے کی توفیق مانگتا ہوں، اور مساکین سے محبت کا سوال کرتا ہوں، اور یہ کہ تُو مجھے معاف کر دے اور مجھ پر رحم فرمائے، اور جب تُو کسی قوم کو آزمائش میں ڈالنا چاہے، تو مجھے فتنہ میں پڑنے سے پہلے موت دیدے۔

اے اللہ! میں تجھ سے تیری محبت کا سوال کرتا ہوں اور ہر اس شخص کی محبت کا سوال کرتا ہوں جو تجھ سے محبت کرتا ہو، اور ایسے کام کی محبت چاہتا ہوں جو مجھے تیری محبت تک پہنچا دے۔

اے اللہ! تو اپنی محبت کو مجھے میری جان کی محبت سے اور میرے گھر والوں کی محبت سے اور ٹھنڈے پانی کی محبت سے بھی زیادہ کر دے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جس کے بعد کفر نہ ہو اور ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو اور اے اللہ! میں تجھ سے جنت کے بلند ترین درجے میں ہمارے نبی حضرت محمد ﷺ کی رفاقت کا سوال کرتا ہوں۔

اے اللہ! میں غیب و حضور دونوں حالتوں میں تیرے خوف کا طلب گار ہوں، اور میں تجھ سے خوشی و ناراضگی دونوں حالتوں میں حق بات کہنے کی توفیق مانگتا ہوں، اور تنگ دستی و خوشحالی دونوں حالتوں میں میانہ روی کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے ایسی نعمت مانگتا ہوں جو ختم نہ ہو، اور میں تجھ سے ایسی آنکھوں کی ٹھنڈک کا طلب گار ہوں جو ختم نہ ہو، اور میں تجھ سے تیرے ہر فیصلے پر رضامندی کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے موت کے بعد کی راحت اور آسائش کا طالب ہوں، اور میں تجھ سے تیرے دیدار کی لذت، اور تیری ملاقات کے شوق کا طالب ہوں، اور تیری پناہ چاہتا ہوں اس مصیبت سے جس پر صبر نہ ہو سکے، اور ایسے فتنے سے جو گمراہ کر دے۔

اے اللہ! ہمیں ایمان کے زیور سے آراستہ فرما، اور ہمیں رہنمائی کرنے والا

اور ہدایت یافتہ بنادے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر قسم کی خیر کا سوال کرتا ہوں، چاہے وہ جلد آنے والی ہو یا دیر سے آنے والی ہو، چاہے وہ خیر میرے علم میں ہو چاہے میرے علم میں نہ ہو، اور میں تجھ سے ہر برائی سے پناہ چاہتا ہوں، چاہے وہ جلد آنے والی ہو یا دیر سے آنے والی ہو، چاہے وہ برائی میرے علم میں ہو چاہے میرے علم میں نہ ہو، اور میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور جنت سے قریب کرنے والے ہر قول وفعل کا سوال کرتا ہوں اور میں جہنم سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور جہنم کے قریب کرنے والے ہر قول وفعل سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تیرے ہر فیصلے کو میرے حق میں خیر کا سبب بنا دے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تُو نے جو فیصلہ بھی میرے لیے کیا ہے اس کے انجام کو اچھا کردے، اور مجھے دنیا اور آخرت کے عذاب کی رسوائی سے بچا۔

اے اللہ! میری حفاظت فرما کہ میں ہر حالت میں اسلام پر قائم رہوں اور

مجھے ایسی آزمائش میں مت ڈال جس کی وجہ سے میرے دشمنوں کو مجھ پر ہنسنے کا موقع ملے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی مانگتا ہوں جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں اور ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس کے خزانے تیرے ہاتھ میں ہیں۔

اے اللہ! تُو نے اپنے کرم و احسان سے میری صورت کو حسین بنایا ہے تو تُو میری سیرت کو بھی حسین بنا دے۔

اے اللہ! مجھے ہر اس کام کی توفیق دے جو تجھے محبوب اور پسندیدہ ہو بے شک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

اے اللہ! مجھے نفع دینے والے علم عطا فرما ایسا علم عطا فرما جس پر میں عمل کروں اور ایسا علم جو غیر نافع ہو، جس کے مطابق میرا عمل نہ ہو اس سے مجھے اپنی پناہ میں لے لے، اور میرے اعمال کو اپنی بارگاہ میں قبول فرما۔

اے اللہ! مجھے وسعت والی حلال، طیب اور پاکیزہ روزی نصیب فرما، ہر قسم

کا حلال عطا فرما اور ہر قسم کے حرام سے میری حفاظت فرما، اے اللہ! دنیا وآخرت میں ترقیات سے مالا مال فرما اور دنیوی ترقی کو دینی ترقی کے لئے معین اور مددگار بنا۔

اے اللہ! ہر جسمانی اور روحانی بیماری سے مجھے شفاء عطا فرما، موذی امراض سے محفوظ فرما، اعضاء اور جوارح کی سلامتی نصیب فرما اور اے اللہ! اپنے علاوہ کسی کا بھی محتاج نہ بنا، اے اللہ! عافیت اور سلامتی والی زندگی نصیب فرما، اور عافیت اور ایمان کی سلامتی والی موت نصیب فرما۔

اے اللہ! جو علم بھی تُو نے مجھے عطا فرمایا ہے مجھے اس علم سے نفع عطا فرما اور میرے علم میں اضافہ اور ترقی نصیب فرما، قرآن و حدیث کا پڑھنے پڑھانے والا بنا اور تیرے اور تیرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے احکامات پر عمل کرنے کی توفیق نصیب فرما اور ساری دنیا میں ان علوم اور احکامات کی اشاعت اور تبلیغ کے لئے مجھے اور میری نسلوں کو قبول فرما۔

اے اللہ! میں تجھ سے دین اور دنیا میں عافیت اور سلامتی کی درخواست کرتا

ہوں، اور اپنے اہل وعیال میں، اور اپنے مال میں عافیت اور سلامتی کی درخواست کرتا ہوں، اے اللہ! تو میرے جسم کو عافیت نصیب فرما، اور میرے کانوں کو عافیت عطا فرما، اور میری نگاہوں کو عافیت نصیب فرما۔

اے میرے رب! مجھے اس دن کے عذاب سے بچا جس دن تُو اپنے بندوں کو مرنے کے بعد دوبارہ زندہ کرے گا۔

اے اللہ! مجھے ان لوگوں میں سے بنا دے کہ وہ جب نیک کام کرتے ہیں تو خوش ہوتے ہیں، اور جب بُرا کام کرتے ہیں تو استغفار کرتے ہیں۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایسی رحمت کا مطالبہ کرتا ہوں، جس کے ذریعہ تُو میرے دل کو ہدایت عطا کر دے، اور میرے دین کو سنوار دے، اور میرے دنیاوی معاملات کو سُدھار دے اور میرے قرضے کو ادا کر دے اور میری حفاظت فرمائے اور مجھے رفعت اور ترقی بخشے اور میرے چہرے کو روشن کر دے اور میرے عمل کو صالح بنا دے اور سیدھے راستے کی طرف میری رہنمائی کر دے اور مجھے ہر برائی سے محفوظ رکھے۔

اے اللہ! تُو ہمیں سیدھے راستے کی طرف رہنمائی کرنے والا بنا، ہدایت یافتہ بنا، گمراہ اور گمراہ کرنے والا نہ بنا، تیرے دوستوں کے ساتھ صلح کرنے والا بنا، اور تیرے دشمنوں کے ساتھ دشمنی کرنے والا بنا، اور ہمیں ایسا بنا دے کہ ہم تیری محبت کی وجہ سے ہر اس شخص سے محبت کریں جو تجھ سے محبت رکھے اور تیری دشمنی کی وجہ سے ہر اس شخص سے دشمنی رکھیں جو تیرا مخالف ہو،

اے اللہ! یہ میری دعا ہے اور قبولیت تیرے ہاتھوں میں ہے اور یہ میری کوشش ہے اور تجھ پر ہی میرا بھروسہ ہے۔

اے اللہ! بے شک تُو میری بات کو سنتا ہے اور تُو میری جگہ کو دیکھتا ہے اور تُو میرے چھپے اور کھلے کو جانتا ہے، تجھ پر میرا کوئی معاملہ بھی پوشیدہ نہیں اور میں مصیبت زدہ ہوں، محتاج ہوں، دُہائی دیتا ہوں، پناہ ڈھونڈتا ہوں، خوف زدہ ہوں، کانپ رہا ہوں، اپنے گناہوں کا اقرار اور اعتراف کر رہا ہوں، میں تجھ سے ایسے سوال کرتا ہوں جیسے کوئی مسکین سوال کرتا ہے اور میں تیرے سامنے ایسے گڑگڑاتا ہوں جیسے کوئی ذلیل گناہ گار گڑگڑاتا ہے اور

تجھے ایسے پکارتا ہوں جیسے کوئی خوف زدہ اور آفت رسیدہ پکارتا ہے اور میں تجھے اس شخص کی طرح پکارتا ہوں کہ جس کی گردن تیرے سامنے جھک گئی ہو اور اس کے آنسو جاری ہو گئے ہوں اور اس کا بدن زیر ہو گیا ہو اور اس کی ناک خاک آلود ہو گئی ہو، اے اللہ! مجھے اپنے سامنے مانگنے سے محروم نہ فرما اور میرے لئے شفیق و مہربان بن جا۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایسا ایمان مانگتا ہوں جو میرے دل میں پیوست ہو جائے اور ایسے یقین صادق کا سوال کرتا ہوں جس کے ذریعے میں اس حقیقت کو جان لوں کہ مجھے وہی کچھ ملے گا جو تُو نے میری تقدیر میں لکھ دیا ہے اور میں اس پر راضی ہو جاؤں جو تُو نے میرے لئے تقسیم فرما دیا ہے۔

اے اللہ! وہ سب تعریفیں جو تُو نے اپنے لئے بیان کیں ہیں وہ سب تیرے ہی لیے ہیں اور تیری جو تعریفیں ہم بیان کرتے ہیں تُو اس سے زیادہ قابل تعریف ہے، اے اللہ! میری نماز، اور میری قربانی، اور میری زندگی اور میری موت سب تیرے ہی لئے ہے، اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے،

اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور سینے کے وسوسہ سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اپنے کاموں کے الجھنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر اس خیر کا طالب ہوں جسے رحمت کی ہوائیں لے کر آتی ہیں اور ہر اس شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں جسے عذاب کی ہوائیں لے کر آتی ہیں۔

اے اللہ! تُو اپنی محبت کو میرے لئے تمام چیزوں سے زیادہ محبوب بنا دے اور اپنے خوف کو میرے نزدیک تمام چیزوں سے زیادہ ڈرنے کے لائق بنا دے اور تیری ملاقات کا ایسا شوق نصیب فرما دے کہ اس کے مقابلے میں دنیا کی ضرورتوں کی میرے سامنے کوئی حیثیت نہ رہے اور جب تُو دنیا داروں کی آنکھیں ان کی دنیا کے ذریعے ٹھنڈی کرے تو میری آنکھیں اپنی عبادت کے ذریعے ٹھنڈی فرما، اے اللہ میں تجھ سے صحت، پاک دامنی اور امانت کا سوال کرتا ہوں اور خوش خُلقی اور تیرے ہر فیصلے پر راضی رہنے کی دعا مانگتا ہوں۔

اے اللہ! مجھے ایسی توفیق نصیب فرما کہ میں تجھ سے ایسا ڈروں گویا کہ تجھے دیکھ رہا ہوں یہاں تک کہ میں تجھ سے جا ملوں اور مجھے تقویٰ کے ذریعے سعادت نصیب فرما اور تیری نافرمانی کی وجہ سے مجھے بدنصیب نہ بنا اور میرے لئے خیر مقدر فرما اور میرے تقدیر میں میرے لئے برکت ڈال دے تا کہ میں اس کام میں جلدی کو پسند نہ کروں جسے تُو نے میرے لئے مؤخر کیا ہے اور اس کام میں تاخیر کو پسند نہ کروں جسے تُو نے میرے لئے مقدم کیا ہے اور مجھے اپنے علاوہ کسی کا محتاج نہ بنا۔

اے اللہ! ہر دشوار کام کو آسان بنا کر مجھ پر اپنا کرم فرما کہ بے شک ہر دشوار کام کو آسان کر دینا تیرے لئے بہت ہی آسان ہے اور میں تجھ سے دنیا اور آخرت کے تمام کاموں میں سہولت اور عافیت کا طلب گار ہوں۔

اے اللہ! میرے دل کو نفاق سے پاک کر دے اور میرے عمل کو ریاء کاری اور دکھلاوے سے پاک کر دے اور میری زبان کو جھوٹ سے پاک کر دے اور میری آنکھ کو خیانت سے پاک کر دے کہ بے شک تُو آنکھوں کی خیانت

اور سینوں میں چھپے ہوئے رازوں کو جانتا ہے۔

اے اللہ! میں ایسے مکار دوست سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس کی آنکھیں مجھے تکتی ہیں اور اس کا دل میری نگرانی میں لگا رہے کہ اگر وہ مجھ میں کوئی خوبی دیکھے تو اسے مٹی میں ملا دے اور اگر کوئی برائی دیکھے تو اس کا ڈھنڈورا پیٹے۔

اے اللہ! میں عورتوں کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور اے اللہ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اے اللہ! میں تجھ سے عہد لیتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ تُو اپنے وعدے کو پُورا کرتا ہے کہ میں ایک بشر ہوں، غلطی کا پُتلا ہوں تو اگر میں کسی مومن کو تکلیف پہنچاؤں یا گالی دوں یا ماروں یا لعنت کروں تو تُو اس مومن کے حق میں ان تمام چیزوں کو اپنی رحمت اور تیرے ساتھ قربت کا سبب بنا دے۔

اے اللہ! مجھے ہر حق والے کا حق ادا کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

اے اللہ! مجھے اپنے ماں باپ کا حق ادا کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

اے اللہ! مجھے اپنے بیوی بچوں کا حق ادا کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

اے اللہ! مجھے اپنے بھائی بہنوں کا حق ادا کرنے کی توفیق نصیب فرما۔ اے اللہ! مجھے اپنے دوستوں اور پڑوسیوں کا حق ادا کرنے کی توفیق نصیب فرما، اور اے اللہ! اگر کسی اہل حق کا حق ادا کرنے میں مجھ سے کوئی کمی یا کوتاہی ہوجائے تو تُو اسے معاف فرما اور اس اہل حق کو اپنی طرف سے بہترین بدلہ نصیب فرما اور قیامت کے دن اُن کے مطالبے سے میری حفاظت فرما۔

اے اللہ! تُو نے مجھے پیدا کیا اور تُو ہی مجھے موت دے گا اور تیرے ہی لئے میرا جینا اور مرنا ہے، اے اللہ! اگر تُو مجھے زندہ رکھے تو میری ایسی حفاظت فرما جیسی تُو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے اور اگر تُو مجھے موت دے دے تو مجھے بخش دینا اور مجھ پر رحم فرمانا۔

اے اللہ! قیامت کے دن مجھے میرا نامۂ اعمال دائیں ہاتھ میں عطا فرما، اور میرے چہرے کو اس دن روشن فرما جس دن نیک لوگوں کے چہرے روشن ہوں گے، اور مجھے اپنی رحمت سے ڈھانپ لے اور اپنے عذاب سے دور رکھ، اور مجھے اس دن ثابت قدم رکھ جس دن پاؤں اپنی جگہ سے پھسل جائیں

گے اور مجھے کامیاب ہونے والوں میں شامل فرما۔

اے اللہ! ہمارے دلوں کے تالے اپنے ذکر سے کھول دے اور ہم پر کامل انعام فرما اور ہم پر بھرپور فضل فرما اور ہمیں اپنے نیک بندوں میں شامل فرما، اور مجھے وہ بہتر سے بہتر عطا فرما جو تُو اپنے نیک بندوں کو عطا فرماتا ہے۔

اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ تُو مجھ سے قیامت کے دن اپنا رُخ پھیر دے۔

اے اللہ! تُو تمام عیبوں سے پاک ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، میرے گناہ بخش دے اور میرے اعمال سنوار دے کہ بے شک تُو غفور اور رحیم ہے، اے غفار! میری مغفرت فرما، اے تواب! میری توبہ قبول فرما، اے رحمٰن! مجھ پر رحم فرما، اے معافی دینے والے! مجھے معاف کر، اے شفیق! مجھ پر شفقت فرما، اے میرے رب! مجھے تیری ان نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی توفیق دے جو تُو نے مجھ پر فرمائی ہیں اور مجھے اپنی اچھی عبادت کا پابند بنا دے، اے میرے رب! میں تجھ سے ہر قسم کی خوبی مانگتا ہوں۔

اے میرے رب! میری ابتداء بھی خیر کے ساتھ فرما اور میرا انجام بھی خیر پر فرما اور مجھے اپنی ملاقات کا شوق عطا فرما اور مجھے کسی تکلیف اور فتنے میں مبتلا ہونے سے بچا لے۔

اے اللہ! میں تجھ سے مانگنے والوں کے حق کا واسطہ دے کر مانگتا ہوں کہ بے شک مانگنے والے کا تجھ پر حق ہے کہ خشکی وتری کے رہنے والوں میں سے اپنے جس بندے یا بندی کی تُو نے درخواست منظور کی ہو اور اس کی دعا قبول فرمائی ہو تو تُو ہمیں ان کی اچھی دعاؤں میں ان کا شریک بنا دے اور اُن اچھی دعاؤں میں اُن کو شریک کر لینا جو ہم تجھ سے مانگتے ہیں اور ہمیں اور اُنہیں عافیت نصیب فرما اور ہماری اور اُن کی دعاؤں اور نیک اعمال کو قبول فرما اور ہم سے اور اُن سے درگزر کا معاملہ فرما۔

اے اللہ! میری حفاظت فرما اور مجھے اپنی رحمت کی آغوش میں لے لے اور مجھ پر رحم فرما کہ کہیں میں ہلاک نہ ہو جاؤں اور تُو ہی میری امید کا مرکز ہے۔

اے اللہ! تُو نے مجھے بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے جن کی شکر گزاری میں

میری طرف سے کمی رہ گئی، اور بہت سی آزمائشوں میں تُو نے مجھے مبتلا فرمایا ہے جس پر میں نے ویسا صبر نہیں کیا جیسا صبر کرنے کا حق تھا، تو اے وہ ذات کہ جس کی نعمت کے وقت میرا شکر کم ہوا اس کے باوجود اس نے مجھے محروم نہ کیا اور اے وہ ذات کہ جس کی آزمائش کے وقت میرا صبر کم ہوا لیکن اس نے میرا ساتھ نہ چھوڑا اور اے وہ ذات! جس نے مجھے غلطیوں پر دیکھا تو رُسوا نہ کیا، اے احسان والے! جس کے احسانات کبھی ختم نہیں ہوتے اور اے انعام والے! جس کے انعامات بے شمار ہیں، میں تجھ سے درخواست کرتا ہوں کہ تُو ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر رحمت نازل فرما اور ان کی آل اور اولاد پر رحمت نازل فرما اور دشمنوں کے خلاف میری مدد فرما۔

اے اللہ! تُو میری مدد فرما کہ میری دنیاوی ترقی میری دینی ترقی کا ذریعہ بنے اور میرا تقویٰ میری دنیوی اور اُخروی ترقی کا ذریعہ بنے، اور جو چیزیں مجھ سے اوجھل ہیں ان سے میری حفاظت فرما اور مجھے نفس کے حوالہ نہ فرما۔

اے اللہ! میں تجھ سے فوری کشادگی مانگتا ہوں اور صبر جمیل مانگتا ہوں اور

وسعت والی روزی مانگتا ہوں اور سب بلاؤں سے عافیت مانگتا ہوں اور میں تجھ سے پوری عافیت مانگتا ہوں اور میں تجھ سے بقاء عافیت مانگتا ہوں اور میں تجھ سے عافیت پر شکر گزاری مانگتا ہوں اور اے اللہ! میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تُو مجھے لوگوں سے بے نیاز کردے۔ اے اللہ! میرے باطن کو میرے ظاہر سے بہتر بنادے، اور میرے ظاہر کو بھی اچھا بنادے۔

اے میرے رب! مجھے اپنا محبوب بنالے اور میرے دل میں اپنی فرمانبرداری ڈال دے اور لوگوں کی نظروں میں مجھے بڑا بنا اور مجھے بُرے اخلاق سے بچا۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہمیشہ رہنے والا ایمان مانگتا ہوں، اور خشوع والا دل مانگتا ہوں، اور سچا یقین مانگتا ہوں، اور میں ہر بلا سے عافیت مانگتا ہوں، اور میں تجھ سے عافیت کا ہمیشہ رہنا مانگتا ہوں، اور عافیت پر شکر گزاری مانگتا ہوں، اور میں تجھ سے لوگوں سے بے نیازی مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں مال داری کے تکبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور غربت وافلاس

کی ذلت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے وہ ذات! جسے فرمانبرداری خوش کرتی ہے اور نافرمانی اسے نقصان نہیں پہنچا سکتی، تُو مجھے اپنی ایسی فرمانبرداری نصیب فرما جو تجھے خوش کر دے، اور میری نافرمانیوں کو معاف فرما دے۔

اے اللہ! اے دن کو روشن کرنے والے! اور رات کو آرام کا وقت بنانے والے! اور اے سورج و چاند کو وقت کا معیار بنانے والے! تُو میرے قرض ادا کر دے اور مجھے اپنے علاوہ کسی کا محتاج نہ بنا اور مجھے اپنی راہ میں جہاد کرنے کی توفیق نصیب فرما۔

اے اللہ! تُو ہر مشکل میں میرے لئے کافی ہو جا جس طرح بھی تُو چاہے اور جہاں سے بھی تُو چاہے۔

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے شکر گزار بندوں کے جیسا ثواب مانگتا ہوں اور اہل قرب کے جیسی ضیافت مانگتا ہوں اور نبیوں کی ہم رکابی مانگتا ہوں اور صدیقین کے جیسا یقین مانگتا ہوں اور پرہیز گاروں کے جیسی تواضع مانگتا

ہوں اور اہل یقین کے جیسی انکساری مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میرے ذمہ اپنے کسی نافرمان کا ایسا احسان مت رکھنا کہ جس کا بدلہ مجھے دنیا اور آخرت میں دینا پڑے۔

اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے اخلاق وسیع فرما اور میری کمائی پاک صاف کر اور جو رزق تُو مجھے عطا فرمائے مجھے اس پر قناعت نصیب فرما اور میرے دل سے اس چیز کی خواہش نکال دے جو میرے مقدر میں نہیں۔

اے اللہ! موت کی سختی سے مجھے محفوظ فرما۔

اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے اچھے رفیقوں یعنی فرشتوں اور پیغمبروں کے ساتھ ملا دے۔

اے اللہ! اے حضرت جبرئیل علیہ السلام اور حضرت میکائیل علیہ السلام اور حضرت اسرافیل علیہ السلام کے رب! اور اے ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے رب! میں جہنم سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ گمراہ ہو جاؤں یا مجھے گمراہ کر دیا جائے

یا سیدھے راستے سے پھسل جاؤں یا مجھے پھسلا دیا جائے، یا ظلم کروں یا مجھ پر ظلم کیا جائے یا جہالت برتوں یا مجھ سے جہالت برتی جائے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر طرح کی خیر اور بھلائی مانگتا ہوں، اور ہر طرح کے شر سے پناہ مانگتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ خیر اور بھلائی مانگتا ہوں، جو تیرے نیک بندوں نے تجھ سے مانگی ہو، اور میں تجھ سے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جس کے شر سے تیرے نیک بندوں نے پناہ مانگی ہو۔

اے ہمارے رب! تُو ہمیں دنیا میں بھی ہر قسم کی اچھائی اور بھلائی عطا فرما، اور آخرت میں بھی ہر قسم کی اچھائی اور بھلائی عطا فرما اور ہمیں جہنم کے عذاب سے بچا۔

اے اللہ! میں جہنم کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور اے اللہ! میں مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور زندگی اور موت کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں، اور گناہ اور قرض کے بوجھ سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور سینہ کے وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں،

اور اے اللہ! میں رات میں اُترنے والی چیزوں کے شر سے اور دن میں اُترنے والی چیزوں کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں عاجزی اور سستی سے، اور بزدلی اور بہت زیادہ بڑھاپے سے، اور قرض کے تاوان سے اور گناہ کے بوجھ سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں دوزخ کے عذاب سے اور دوزخ کی آزمائش سے اور قبر کی آزمائش سے اور قبر کے عذاب سے اور مال کے فتنے کے شر سے اور فقر کے فتنے کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں سنگ دلی اور غفلت سے اور محتاجی اور ذلت وخواری سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے اللہ! ناداری سے اور کفر سے اور فسق سے اور اختلاف سے اور دکھاوے سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اے اللہ! بہرے پن سے اور گونگے پن سے اور برص سے اور جنون سے اور کوڑھ سے اور تمام بُرے امراض سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں ہر اس برائی کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں جسے میں جانتا

ہوں یا جسے میں نہیں جانتا، اور میں ہر اس عمل کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو میں نے کیا ہو یا میں نے اس عمل کو نہ کیا ہو۔

اے اللہ! میں تیری نعمتوں کے چھن جانے سے اور تیری دی ہوئی عافیت اور صحت کے پلٹ جانے سے اور تیرے ناگہانی عذاب سے اور ہر اس کام سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تیرے غصے کا سبب ہو۔

اے اللہ! میں اپنے کان کے شر سے اور اپنی آنکھ کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے دل کے شر سے اور اپنی شرمگاہ کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے بری عادتوں سے اور بُرے کاموں سے اور بُری خواہشوں سے اور بُری بیماریوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں کسی مکان یا دیوار کے اپنے اوپر گرنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور کسی اونچے مقام سے گر پڑنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور ڈوبنے اور جل جانے اور بہت بوڑھا ہو جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور میں اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ موت کے وقت مجھے شیطان گمراہ کر دے،

اور اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ میں تیری راہ میں پیٹھ دکھا کر بھاگتے ہوئے مارا جاؤں اور اس بات سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ کسی زہریلے جانور کے کاٹنے سے میری موت آئے۔

اے اللہ! میں ایسے علم سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو فائدہ نہ پہنچائے، اور ایسے دل سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو تجھ سے ڈرتا نہ ہو، اور ایسی دعا سے پناہ مانگتا ہوں جو سنی نہ جائے، اور ایسے نفس سے پناہ مانگتا ہوں جو سیر نہ ہو۔

اے اللہ! میں بُرے دن سے اور بُری رات سے اور بُرے وقت سے اور بُرے ساتھی سے اور بُرے پڑوسی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں آپس کے اختلاف سے اور نفاق سے اور بُرے اخلاق سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور اے اللہ! میں قرض کی کثرت سے اور دشمن کے غلبہ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

اے اللہ! میں ہر ایسے عمل سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے رُسوا کردے اور ہر ایسے رفیق سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے ستائے اور ہر ایسی آرزو سے

تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے غافل بنا دے اور ہر ایسی تنگ دستی سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے بھلا دے اور ہر ایسی تونگری سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو مجھے سرکش بنا دے۔

اے اللہ! ہمیں اپنی تدبیر سے بے خوف نہ ہونے دینا اور ہمیں اپنی یاد سے غافل نہ ہونے دینا اور ہم سے اپنی پردہ پوشی کو دور مت کرنا اور ہمیں اہل غفلت میں سے نہ بنانا، اور ہمیں اچانک موت مت دینا اور اچانک ہماری پکڑ نہ فرمانا اور کسی کے حق اور کسی کی وصیت سے ہمیں غافل نہ ہونے دینا۔

اے اللہ! میں دنیا اور آخرت کی تنگی سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور فکر اور غم کی موت سے اور بھوک اور خیانت سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں اس بات سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ میں جانتے بوجھتے یا اَن جانے میں تیرے ساتھ شرک کروں۔

اے اللہ! میں تجھ سے اہل وعیال کی تونگری مانگتا ہوں اور میں ایسے رشتے ناطے کی بددعا سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس کی میں نے حق تلفی کی ہو۔

اے اللہ! میں ایسی بیوی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو بڑھاپے سے پہلے مجھے بوڑھا کردے اور ایسی اولاد سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو میرے لئے وبال بن جائے، اور ایسے مال سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو میرے لئے عذاب بن جائے اور ایسے مکار دوست سے تیری پناہ چاہتا ہوں کہ اگر وہ مجھ میں کوئی خوبی دیکھے تو اسے مٹی میں ملا دے اور اگر مجھ میں کوئی برائی دیکھے تو اس کا ڈھنڈورا پیٹے۔

اے اللہ! تُو عظمت والا رب ہے، تیری پیدا کردہ چیزوں میں سے کوئی بھی چیز تجھے سما نہیں سکتی اور تُو سب کو دیکھ سکتا ہے اور تجھے کوئی نہیں دیکھ سکتا اور تُو ہی دنیا اور آخرت کا مالک ہے اور موت اور حیات تیرے ہی قبضہ میں ہے اور تیری ہی طرف انتہاء اور واپسی ہے، اے اللہ! میں ذلیل اور رُسوا ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں، اور حق بات میں یقین حاصل ہونے کے بعد شک پیدا ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں ناگہانی موت سے اور سانپ کے کاٹنے سے اور درندوں کی

چیر پھاڑ سے اور ڈوب کر مرنے سے اور جل کر مرنے سے اور لشکر کے فرار کے وقت مارے جانے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! آگے سے، پیچھے سے، دائیں سے، بائیں سے، اوپر سے نیچے سے تُو ہماری حفاظت فرما۔

اے اللہ! تُو مسلمانوں کی مدد فرما، جہاں کہیں مسلمان پریشان حال ہیں تُو ان کی دستگیری فرما، اے اللہ! فلسطین کے مسلمانوں کی مدد فرما، کشمیر کے مسلمانوں کی مدد فرما، برما کے مسلمانوں کی مدد فرما، اور جہاں کہیں مسلمان کافروں کے نرغے میں ہیں تُو ان کی مدد فرما، اسلام اور مسلمانوں کو غلبہ نصیب فرما، اور کفر کو مغلوب فرما۔

اے اللہ! کافروں پر لعنت فرما جو تیری راہ سے روکتے ہیں اور تیرے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور تیرے دوستوں سے جنگ کرتے ہیں، اے اللہ! ان کی جماعت میں پھوٹ ڈال دے، اور ان کے پاؤں لڑکھڑا دے، اور ان پر اپنا وہ عذاب نازل فرما جو تُو مجرموں پر نازل کرنے کے بعد واپس نہیں

لیا کرتا، اے اللہ! میری دعا قبول فرما۔

اے اللہ! اے کتاب کے نازل کرنے والے! اور اے بادلوں کو چلانے والے! اور اے دشمن کے لشکروں کو شکست دینے والے! ان کافروں کو شکست دے اور ان کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

اے اللہ! تُو پاکستان کی حفاظت فرما، اے اللہ! یہ ملک اسلام کے نام پر بنا ہے تُو یہاں اسلام کی حکمرانی قائم فرما، اے اللہ! ساری دنیا کے مسلمان امید بھری نظروں سے پاکستان کی طرف دیکھتے ہیں، تُو پاکستان کو استحکام نصیب فرما، نیک وصالح حکمران نصیب فرما، اے اللہ! ہر خیر کے کام میں تُو ہمارے حکمرانوں کی مدد فرما اور ہر شر کے کام سے تُو ان کی حفاظت فرما، اے اللہ! پاکستان کی معیشت کی اصلاح فرما، اور ہر محاذ پر دین اسلام اور مسلمانوں کے لئے ڈٹ جانے والا بنا۔

اے اللہ! حرمین شریفین کی حفاظت فرما، باطل کے مکر وفریب سے حرمین شریفین کی حفاظت فرما، اے اللہ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے زمانے میں جیسا ماحول

حرمین شریفین میں تھا وہی ماحول وہاں دوبارہ زندہ فرما، ہمیں اور سب مسلمانوں کو حرمین شریفین کی قدردانی کی توفیق نصیب فرما، حرمین شریفین کے ادب کی توفیق نصیب فرما، وہاں کی بار بار کی، ہر سال حج کی، اور ہر سال رمضان کی مقبول حاضری مقدر فرما، اس سال کی عرفات کی حاضری کو قبول فرما، ہماری بے ادبی اور نالائقی کی وجہ سے اس عظیم نعمت سے ہمیں محروم نہ فرما، ہمیں حاجیوں اور عمرہ کرنے والوں کی خدمت کرنے کی توفیق نصیب فرما۔ حرمین شریفین میں عافیت کے ساتھ قیام مقدر فرما، سعادت کی زندگی اور اپنے راستے کی شہادت کی موت مدینہ منورہ میں نصیب فرما، مدینہ منورہ کو ہمارا مسکن اور مدفن بنا۔

اے اللہ! میں تجھ سے ایسا نفس مانگتا ہوں جس کا تجھ پر اطمینان ہو اور جو تجھ سے ملنے پر ایمان لائے اور تیرے فیصلے پر راضی ہو اور تیری عطاء پر قناعت کرنے والا ہو۔

اے اللہ! میں تجھ سے دعا مانگتا ہوں تیرے نبی سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے

سے اور تیرے خلیل حضرت ابراہیم علیہ السلام کے وسیلے سے اور تیرے ہمراز حضرت موسیٰ علیہ السلام کے وسیلے سے اور تیری روح وکلمہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے وسیلے سے اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کے کلام کی حرمت کے وسیلے سے اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی انجیل کے وسیلے سے اور حضرت داؤد علیہ السلام کی زبور کے وسیلے سے اور سیدنا محمد ﷺ کے قرآن مجید کے وسیلے سے اور ہر اس وحی کے وسیلے سے جو تُو نے بھیجی، یا اس حکم کے وسیلے سے جس کو تُو نے جاری فرمایا، یا سائل جسے تُو نے عطا فرمایا، یا محتاج جس کو تُو نے تونگر کیا، یا تونگر جسے تُو نے محتاج بنایا، یا گمراہ جسے تُو نے ہدایت بخشی، اور میں تجھ سے مانگتا ہوں تیرے اس نام کی حرمت کے وسیلے سے جسے تُو نے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل کیا اور اس نام کی حرمت کے وسیلے سے جسے تُو نے زمین پر رکھا تو وہ قرار پکڑ گئی اور آسمان پر رکھا تو وہ قائم ہو گئے اور اس نام کی حرمت کے وسیلے سے جس سے تیرے عرش نے قرار پکڑا اور تیرے اس پاک نام کی حرمت کے وسیلے سے جو تیری کتاب میں

تیرے پاس سے اتارا گیا اور تیرے اس نام کی حرمت کے وسیلے سے جسے تُو نے دن پر رکھا تو وہ روشن ہوگیا اور رات پر رکھا تو وہ تاریک ہوگئی اور تیری عظمت اور کبریائی کی حرمت کے وسیلے سے اور تیری ذات کے نور کی حرمت کے وسیلے سے کہ مجھے قرآن مجید کی دولت نصیب فرما اور اسے میرے گوشت اور خون اور میری قوت سماعت اور میری قوت بینائی میں پیوست فرمادے اور میرے بدن کو اس پر عمل کرنے والا بنا۔

اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں اور تیرے بندے اور تیری بندی کا بیٹا ہوں، میری پیشانی تیرے قبضہ میں ہے، اور تیرا حکم میرے بارے میں نافذ ہے، اور تیرا فیصلہ میرے حق میں عین انصاف ہے، میں تجھ سے تیرے اس نام کے واسطے سے جو تُو نے خُود اپنی ذات کے لئے تجویز کیا، یا اس نام کو اپنی کتاب میں اتارا، یا اپنی مخلوق میں سے اپنا وہ نام کسی کو تعلیم فرمایا یا اپنے اس نام کو تُو نے علم غیب میں اپنے پاس محفوظ رکھا، یہ دعا مانگتا ہوں کہ تُو قرآن عظیم کو میرے دل کی بہار بنا دے اور میری آنکھوں کی روشنی بنا دے اور

میرے غم کا ازالہ بنا دے اور میری فکر کو دور کرنے والا بنا دے۔

اے اللہ! مجھ پر قرآن مجید کے طفیل رحم فرما، اس کے ذریعے قبر میں میری وحشت کو اُنس سے بدل دے اور اسے میرے لئے امام اور نور اور ہدایت اور رحمت بنا دے، اے اللہ! میں اس قرآن میں سے جو بھول جاؤں وہ مجھے یاد کرا دے اور جن باتوں سے میں جاہل ہوں ان کا علم مجھے عطا فرما اور مجھے دن رات اس کی تلاوت کی توفیق نصیب فرما اور اے رب العالمین! اس قرآن کو میرے حق میں حجت بنا۔

اے اللہ! مجھے اور میری اولاد کو شب و روز قرآن کریم کی تلاوت کرنے والا بنا، قرآن کریم کو حفظ کرنے کی توفیق نصیب فرما، قرآن کریم کو سمجھنے کی اور اس پر عمل کرنے کی توفیق نصیب فرما اور قرآن کریم کے پیغام کو دوسروں تک پہنچانے والا بنا، اور قرآن کریم کے حقوق کی ادائیگی کرنے والا بنا۔

اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما، اور ہمیں پرہیز گاروں کا پیشوا بنا دے۔

اے اللہ! ہمیں اپنی اولاد کی خوشیاں دیکھنا نصیب فرما، اوراولاد کا غم دیکھنے سے محفوظ فرما، اے اللہ! ہماری اولاد کو نیک اور صالح بنا، انہیں ہماری فرمانبرداری اور ادب کرنے کی توفیق نصیب فرما، اور ہم سب کو دنیا اور آخرت کی خیریں اور بھلائیاں نصیب فرما۔

اے اللہ! ہر ساحر کے سحر سے، اور ہر جادوگر کے جادو سے، اور ہر بدنظر کی بُری نظر سے، اور ہر بدخواہ کی بدخواہی سے تُو ہم سب کی حفاظت فرما۔

اے اللہ! تیرے ہی لئے ساری تعریفیں ہیں، جسے تُو وسعت دے اسے کوئی تنگی دینے والا نہیں اور جسے تُو تنگی دے اسے کوئی وسعت دینے والا نہیں اور جسے تُو گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا اور جسے تُو ہدایت دیدے اسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا، اور جسے تُو نہ دے اسے کوئی دینے والا نہیں اور جسے تُو عطا کرے اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جسے تُو دور کر دے اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں اور جسے تُو قریب کر دے اسے کوئی دور کرنے والا نہیں، اے اللہ! ہم پر اپنی برکتیں، اپنی رحمتیں، اپنا فضل اور اپنا رزق پھیلا

دے، اے اللہ! میں تجھ سے ایسی دائمی نعمت کا سوال کرتا ہوں جو کبھی زائل نہ ہو، اور میں تجھ سے خوف والے دن میں امن کا سوال کرتا ہوں۔

اے اللہ! جو تُو نے ہمیں عطا کیا ہے اس کے شر سے میں تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس کے شر سے بھی پناہ مانگتا ہوں جو تُو نے عطا نہیں کیا، اے اللہ! ایمان کو ہمارے لئے محبوب بنا دے اور اس (ایمان) سے ہمارے دلوں کو مزین فرما اور ہمارے نزدیک کفر کو ناگوار بنا دے اور فسق کو ناگوار بنا دے اور تیری نافرمانی کو ناگوار بنا دے اور ہمیں ہدایت یافتہ لوگوں میں سے بنا دے، اے اللہ! ہمیں اسلام کی حالت میں موت عطا فرما اور نیکوں کے ساتھ شامل فرما اور دنیا اور آخرت میں ذلیل اور رُسوا ہونے سے بچا لے۔

اے اللہ! میں غم اور حزن سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں عاجزی و سستی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں بزدلی اور کنجوسی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! میں قرض کے غلبہ اور لوگوں کے تسلط سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

اے اللہ! آپ کا نام سلام ہے اور آپ کی جانب سے ہی سلامتی ہے اور آپ ہی کی طرف سلامتی لوٹتی ہے، اے جلال اور اکرام والے! میں آپ سے سوال کرتا ہوں کہ آپ ہماری دعا قبول فرمائیے اور اپنی پسندیدہ چیزیں ہمیں عطا فرمائیے اور ہمیں ان چیزوں سے مستغنی رکھئے جس سے مستغنی رکھنا آپ کو پسند ہے۔

اے اللہ! میں تجھ سے ہر وہ بھلائی اور خیر مانگتا ہوں جو تجھ سے تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مانگی ہے اور میں ہر اس شر اور برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس سے تیرے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پناہ مانگی ہے، اور تُو ہی میرا مددگار ہے، اور خیر و شر کا پہنچانا تیرے ہی اختیار میں ہے، اور میں تیری مدد کے بغیر نہ کوئی نیک عمل کرسکتا ہوں اور نہ ہی گناہ سے بچ سکتا ہوں اور تیری ذات بلند و برتر ہے۔

اے اللہ! جن لوگوں کے ذریعے تیرا مبارک دین ہم تک پہنچا ان کو اپنی طرف سے بہترین جزاءِ خیر عطا فرما۔

اے اللہ! اس کتاب کو ترتیب دینے والے مفتی سعد عبدالرزاق کو بہترین جزاء خیر عطاء فرما، ان کے، ان کے والدین کے، ان کے شیخ کے، ان کے اساتذہ کے، ان کے بھائی بہنوں کے، ان کے بیوی بچوں کے اور جن لوگوں نے اس کتاب کی تیاری میں ان کی مدد فرمائی ہے سب کے گناہوں کو معاف فرما، ان میں سے جن کا انتقال ہو چکا ہے ان کی کامل مغفرت فرما اور درجات کو بلند فرما، اور ان میں سے جو حیات ہیں ان کو دنیا و آخرت میں ہر قسم کی بھلائیاں اور عافیت نصیب فرما، اور دنیا و آخرت کے تمام معاملات میں ان کی دستگیری فرما، اے اللہ! انہیں اور ہم سب کو اپنے مبارک دین کی اشاعت کے لئے استعمال فرما، اور مرتے دم تک بار بار اپنے مبارک گھر اور اپنے حبیب ﷺ کے مبارک روضۂ اقدس کی مقبول حاضری سے مشرف فرما، اور خیر کے حصول اور شر سے پناہ کی جتنی دعائیں ہم نے تجھ سے مانگی ہیں وہ ان کے اور ہمارے حق میں قبول فرما۔

اے اللہ! ہم نے جتنی دعائیں تجھ سے مانگی ہیں اور جتنی دعائیں آئندہ

مانگیں گے انہیں قبول ومنظور فرما۔

اے اللہ! جو دعائیں ہم نے مانگیں وہ بھی عطا فرما اور جو دعائیں ہم نہ مانگ سکے وہ بھی عطا فرما، اے اللہ! ہماری نالائقی اور بے کسی کو نہ دیکھ، بلکہ اپنے شایانِ شان عطا فرما۔

اے اللہ! جن لوگوں نے ہم سے دعا کے لئے کہا ہے یا کہنا چاہتے تھے نہیں کہہ سکے، یا جن کا ہم پر حق ہے اے اللہ! تُو ان سب کے حق میں بھی ہماری دعاؤں کو قبول فرما، آمین، آمین، آمین۔

وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِهٖ
وَأَصْحَابِهٖ وَ أُمَّتِهٖ وَعَلَيْنَا مَعَهُمْ أَجْمَعِيْنَ
اٰمِيْن اٰمِيْن اٰمِيْن
بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْن